بچشم نمی آید = نگاہ میں نہیں بھرتا، حقیر معلوم ہوتا ہے۔

بازی ہا در نیار = چالبازیاں نہ کر۔
صاحب معرفت شدہ = بڑا آدمی ہو گیا ہے۔
بیا ریس از ماہا نہ کسی می رود نہ کسی می آید = پیرس مہینوں تک نہ کوئی جاتا ہے اور نہ آتا ہے۔
واسطہ = وسیلہ۔
تفلیس = صوبہ قفقاز کا ایک بڑا شہر۔
کاغذہای شکل را پا لیس می زند = تصویروں کو پاؤں تلے ملتی ہے۔
عبوس کردہ = تیوری چڑھا کر۔
بالمرّہ = بالکل۔

مجلس چہارم

ترکیدن = پھٹنا، شق ہونا۔
زیر و رو = زیر و زبر، نیچے اوپر۔
قدغن = تاکید، ممانعت۔
آرام = آسودہ۔
تذکرہ = پروانۂ راہ داری، پاسپورٹ۔

ینگی دنیا = نئی دنیا، امریکہ۔
واسہ = واسطہ کا بگاڑ ہے۔
باجاقلو = ایک سونے کا سکہ۔
ہضم رابع = اطبا نے ہضم کے چار درجے لکھے ہیں، سب سے آخری درجہ جس میں خوراک بالکل ہضم ہو جاتی ہے۔
صحبت = گفتگو۔
جیرہ مواجب = روزینہ اور تنخواہ۔
توغلو = بھیڑ کا بچہ جس کی عمر تین سال ہے۔
دغ دغ = بے معنے الفاظ کا مجموعہ۔
یواش یواش = آہستہ آہستہ۔
کو = بمعنی کجا۔
نولیر = پیرس کے ایک عالیشان محل کا نام ہے۔
موندیو = فرنچ ترکیب ہے جس کے معنے میرے اللہ۔
ستفرد = فرنچ ترکیب ہے جس کے معنے بڑا غضب ہوا۔
دست پاچہ = گھبرایا ہوا، مضطرب۔
قونسل = مشیر سلطنت (کونسل)
انگلیس = انگلستان۔
مولیر = فرنچ زبان کا فقرہ ہے جس کے معنے بڑی ساعت کے ہیں۔
گول زدن = دھوکا دینا۔
چاپار = ڈاک۔
از پیش چشم مان کنار نباشد = ہماری آنکھوں سے دور نہ ہو۔
فرید عصر = یکتائے زمانہ۔
محالات = اضلاع۔
این خاک = یہ علاقہ۔
مسلط نمودن = تعینات کرنا۔
متقلب ہا = بدمعاش۔
ہر چہ متوسل شدم = جس قدر میں نے التماس کی۔
نخجوان = قفقاز میں سرحد ایران سے قریب ایک پرگنہ کا نام ہے۔
شردر = نخجوان سے قریب ایک پرگنہ (تعلقہ) ہے

باخاک یکسان نمودن = ملیامیٹ کردینا، خاک کے برابر کردینا۔
بہم زدن = برباد کرنا۔
دست ہا بہم زدن = تالیاں بجانا۔
بدبوده اند = بدقسمت واقع ہوئے ہیں۔
طرفۃ العین = چشم زدن۔
واسہ چہ = کس لیے، کیوں۔
مغشوش = پراگندہ، پریشان۔
دوازدہ تا = بارہ عدد (تا بمعنی عدد)
بے جیرہ = بے خوراک۔
علی بیگم = علی بیگ ام۔
پول سر جاش می آید = رقم پوری ہوجائیگی۔
بغلش = اپنا جیب۔
دم در = نزدِ در۔

عقل درک نمی کند = سمجھ میں نہیں آتا۔
آفرد = غضب ہے۔
آدم مات مانده است = آدمی حیران رہ گئے۔
غفلت ہا = ایک دم کے دم میں آناً فاناً۔
قونسل انگلیس = سفیر سلطنت انگریزی۔
بصحابت = ہمراہ، ساتھ۔
چاپار = ڈاک، ہرکارہ۔
لوئی فلیپ = شاہ فرانس۔
دوباشہ = بدنصیب۔
بدرقہ = رہنما، محافظ۔
ساکت و صامت = چپ چاپ۔
خشکیدن = سہم جانا۔

ترجمہ

سرگزشت حکیم نباتات

افرادِ تمثیل

موسیو ژوردان پیرسی۔ نباتات کا ماہر، چالیس سالہ۔
حاتم خاں آقا تکلہ مغانی۔ قراباغ کا باشندہ، گاؤں کا چودھری پینسٹھ سالہ۔
شرف نساء خانم۔ حاتم خاں کی بڑی لڑکی سولہ سالہ۔
گلچہرہ۔ حاتم خاں کی چھوٹی لڑکی نو سال کی۔
شہر بانو خانم۔ اس کی بیوی پینتالیس سالہ۔
شہباز بیگ۔ حاتم خاں کا بھتیجا اور اس کی بڑی لڑکی کا منگیتر بائیس سالہ
خان پری۔ شرف نساء خانم کی دایہ چالیس سال کی۔
درویش مست علی شاہ۔ مشہور جادوگر پچاس سالہ۔
غلام علی عراقی۔ اس کا شاگرد تیس سالہ

پہلی مجلس

ضلع قراباغ میں ۱۲۶۳ھ ہجری کو نوروز کی عید کے ایک دن بعد،

تکلہ مغاں کے سرمائی مقام میں مقرر ہوتی ہے۔

(شرف نساء خانم مقابل کے کمرہ میں، چپکے چپکے روتی ہوئی اون کو کنگھے سے صاف کر رہی ہے، گل چہرہ اس کے رو برو کھیل رہی ہے)

گل چہرہ۔ بہن صاحبہ آپ روتی کیوں ہیں؟

شرف نساء خانم۔" (اس کے ہاتھ کو جھٹک کر) دور ہو"

گل چہرہ۔" (پھر شرارت کر کے اس کی طرف ہاتھ بڑھاتی ہے) بہن صاحبہ آپ کو خدا کی قسم! (سچ بتاؤ) آخر آپ کیوں روتی ہیں؟

شرف نساء خانم" (پھر اس کے ہاتھ مار کر) میں نے کہدیا نا 'دور ہو' میرے ہاتھ میں کام ہے، مجھے کام کرنے دے!"

گل چہرہ" آپ تو کام نہیں کر رہی ہیں، زار و قطار رو رہی ہیں، بتاؤ تو آخر میں بھی تو معلوم کروں کہ آپ کس لیے رو رہی ہیں؟ اگر آپ نہ کہینگی تو میں جا کر امی جان کو بلا لاتی ہوں' (اچھی بہن!) اب آپ بتائیں کیوں رو رہی ہیں؟ (اتنا کہہ کر) (شرف نساء خانم کے سر سے چادر کھینچ لیتی ہے)"

شرف نساء خانم۔" (بیزار ہو کر اُسے زور سے ڈھکیل دیتی ہے) دور ہو، قحبہ! باز نہیں آتی، مجھے کام نہیں کرنے دیتی"

(گل چہرہ گر جاتی ہے پھر اٹھ کر اپنی ماں کے پاس دوڑتی ہوئی جاتی ہے)

شرف نساء خانم۔ (آپ ہی آپ) اُف ری چنچل! اب یا کر امی جان سے کہدیگی، یا اللہ اگر وہ آکر پوچھ بیٹھیں کہ کیوں رو رہی تھی تو میں کیا کہونگی، میں تو ہرگز نہ کہہ سکونگی کہ کس لئے رو رہی تھی مناسب یہ

یہی ہے کہ میں مکر جاؤں اور کہدوں کہ میں تو نہیں رو رہی تھی۔
(شرف نساء اپنی آنکھیں رومال سے پوچھتی ہے اتنے میں دروازہ کھلتا ہے اور شہربانو خانم داخل ہو جاتی ہے)۔
شہربانو خانم۔ "بیٹی، تم نے اس بچی کو ڈھکیل کر کیوں گرا دیا"
شرف نساء خانم۔ بچی خاک میں مل جائے، جب شاید چین پائیے۔ صبح سے اب تک اس نے مجھے دو مٹھی اون صاف کرنے نہیں دیا، شرارت کرتی ہے کبھی اون اٹھا لیتی ہے اور کبھی چادر کھینچ لیتی ہے، میں نے بھی بیزار ہو کر کچھ دیر کے لیے اپنے پاس سے ہٹایا۔ بس وہ روتی ہوئی دوڑ کر تمھارے پاس پہنچی دم تو نہیں نکلا۔
گل چہرہ۔ (رو رو کر آنکھوں کو ہاتھوں سے ملتی ہے) نہیں نہیں، خدا کی قسم جھوٹ کہتی ہیں اون وون کچھ بھی صاف نہیں کر رہی تھیں۔ روئی چلی جاتی تھیں، میں نے کہا مت روئیے۔ مجھے دھکا دے کر گرا دیا اور میں زمین پر چت گر پڑی۔
شہربانو خانم۔ "شرف نساء رونے کی کیا بات تھی؟ تمھیں ہو گیا کیا ہے جو تم روتی ہو، خدا کا شکر ہے کہ تمھارا باپ زندہ ہے، تمھاری ماں زندہ ہے، تمھارا حسین اور خوبصورت منگیتر تمھارے سامنے موجود ہے، کھانے کو بہت کچھ ہے، پہننے کو بہت زیادہ ہے پھر تمھارا رنج کرنا کیا معنے؟ جو تم آنسو بہاتی ہو؟"
شرف نساء خانم۔ "نہیں نہیں! خدا کی قسم، میں نہیں رو رہی تھی (گل چہرہ کے ایک چٹکی لے لیتی ہے) ارے مُردار! میں کب رہی تھی؟"

(گل چہرہ، پھر ہائے امّی جان، وائے امّی جان کہہ کر چلانے لگتی ہے اس کے بعد پھر)

شرف نساء خانم۔ "نہیں نہیں! خدا کی قسم، میں نہیں رو رہی تھی خدا کا شکر ہے کہ میرے والد زندہ، میری والدہ زندہ پھر میں کس لیے روؤں؟"

شہر بانو خانم۔ "(ہنستی ہوئی) پیاری بیٹی! یہ کیوں نہیں کہتیں کہ مجھے اپنے منگیتر کا خیال ہے"

شرف نساء خانم۔ "میرا کون منگیتر؟"

شہر بانو خانم۔ "میرا کون منگیتر؟" کیوں چچا کا بیٹا شہباز بیگ تمھارا منگیتر نہیں۔ خدا نے چاہا تو بیس روز بعد تمھارے والد تمھاری شادی کر دینگے جس کی سارا قرا باغ تعریف کریگا۔ پرسوں تمھارے والد قربان بیگ زر دائی کو خط تحریر کر رہے تھے کہ شماخی کی ڈومنیوں کو ٹھہرا کر شادی کے لیے روانہ کر دے۔

شرف نساء خانم۔ "(کلمہ کی انگلی اور انگوٹھے سے نچلے ہونٹ کو پکڑ کر سر اٹھا کر) واہ امی جان! آپ کیا باتیں کر رہی ہیں شہباز بیگ تو دس دن بعد یہاں سے چلے جائینگے۔ نجانے ابا جان کس کے لیے شادی کا انتظام کر رہے ہیں"

شہر بانو خانم۔ (تعجب سے) شہباز بیگ جاتا ہے، کہاں جاتا ہے، کس کے ساتھ؟ کیا کہہ رہی ہے؟ تجھے خدا کی قسم! دل سے باتیں نہ بنا! اچھا اب میں سمجھی کہ تو حقیقت میں رو رہی تھی، سچ ہے لڑکیاں نا سمجھ ہوتی ہیں آنسو تو ان کی آستینوں ہی میں ہوتے ہیں۔ آخر مجھے بھی تو بتا!

کس نے کہا ہے کہ شہباز جاتا ہے۔"

شرف نساء خانم۔ (سر نیچا کیے ہوئے) انھوں ہی نے"

شہر بانو خانم۔ اچھا! کہاں جاتا ہے؟

شرف نساء خانم۔ کیا جانوں، یورپ، پیرس خدا انہیں برباد کرے، ابھی تو (یہ نام) میری زبان سے نہیں نکلتے۔

شہر بانو خانم۔ اچھا تو شہباز کس کے ساتھ پیرس جاتا ہے۔

شرف نساء خانم۔ ہمارے مہمان موسیو ژوردان کے ساتھ۔

شہر بانو خانم۔ ہمارے یہاں کے ٹکڑ گدے، موے فرنگی کے ساتھ کس لیے؟ .... یورپ میں کیا ائین دین کریگا؟ کیا پیرس کے مردہ نہلانے والے مرگیے ہیں؟ (جو اس کی ضرورت ہوئی)۔

شرف نساء خانم۔ میں کیا جانوں؟ کیا ناداں ہیں موسیو ژوردان نے تو اُن کی عقل کو بھٹکا دیا ہے کہ پیرس میں کنواری اور بیاہی عورتیں کھلے منہ مجلسوں میں اٹھتی بیٹھتی ہیں ایسی اور بہت سی باتیں کہی ہیں جس سے جنون اُن کے سر پر سوار ہوکر پاگل ہوگیے ہیں اور کہتے ہیں کہ ایک بار تو پیرس جاکر ضرور دیکھونگا۔ پہلے تو چچا سے اجازت لونگا اگر چھوڑا تو راتوں رات سوار ہوکر دریاے ارس کے اس پار چل دونگا اور موسیو ژوردان کو ڈھونڈکر ان کے ساتھ جاکر پیرس کی سیر کرونگا۔

شہر بانو خانم۔ (جس موڑے کو وہ بن رہی تھی پھینک کر اپنی چھوٹی لڑکی کی جانب متوجہ ہوتی ہے) بیٹی گل چہرہ، جا تو ذرا اس کے کمرے سے شہباز کو بلا لا، معلوم تو کروں یہ کیا بات ہے؟ (گل چہرہ

جاتی ہے) میں نے تو حاتم خاں آقا سے کہا کہ مردوے ان بچوں کی جلد شادی کر کے خلاصی حاصل کر لے، میں شہباز سے ڈرتی ہوں وہ دن بھر میں ہزاروں قسم کے خیالات پکاتا ہے، نہ سنا اور میرا کہنا پس پشت ڈال دیا، آخر وہی ہوا۔

(اتنے میں دروازہ کھل جاتا ہے اور شہباز بیگ اندر آجاتا ہے)۔

شہباز بیگ۔ چچی خیر تو ہے کیا بات ہے۔

شہربانو خانم۔ (منہ پھیر کر) شہباز! میں سنتی ہوں کہ تم یورپ اور پیرس جاتے ہو یہ کیا بات ہے؟

شہباز بیگ۔ (مسکرا کر) چچی اگر میں جاؤں تو کیا حرج ہے؟ میں جاؤنگا اور واپس آجاؤنگا شرف نساء کے لیے ان پروں کا تحفہ لے آؤنگا جنہیں یورپ کی عورتیں سر میں لگاتی ہیں۔

شرف نساء خانم۔ جن پروں کو یورپ والیاں سر میں لگاتی ہیں مجھے نہیں چاہییں۔ آپ پیرس جا کر انھیں کے سر میں لگائیے جن کے عشق میں آپ قراباغ سے ہوا پر اڑ رہے ہیں۔

شہربانو خانم۔ ٹھیک کہتی ہے جن پروں کو تم خریدوگے انہیں یورپ والیوں ہی کے سر میں لگانا۔ شرف نساء کو نہیں چاہییں۔ اچھا تو بتاؤ! تم خود مختار ہو یا اپنے باپ کی جگہ تمھارا کوئی بڑا بھی ہے؟

شہباز بیگ۔ بلا شبہ جب تک میں چچا سے اجازت نہ لونگا نہ جاؤنگا خود موسیو ژوردان ہی چچا سے میرے لیے اجازت لے لینگے۔

شہربانو خانم۔ (غصہ ہو کر) کیا خوب، کیا تم بھٹک رہو اور اپنے آپ کو بھلا دیا ہے؟ جاؤ، میں ابھی حاتم خاں آقا کو بلاتی ہوں۔

کیا جانوں موسیو ژوردان کون بلا ہے جوان کے بھتیجے کو بہکا کر پیرس لے جائے۔ خدا کی قسم وہ آفت اس کے سر پر ڈھاؤنگی کہ پیرس کا آنا جانا سب بھول جائے، خوب ہوا تم جاؤ میں حاتم خاں آقا کو ابھی بلاتی ہوں شادی کے لیے بیس ہی دن تو رہ گئے ہیں دیکھونگی تم پیرس کس طرح جاتے ہو؟

شہباز بیگ۔ بیس دن میری شادی کے لیے کیسے رہ گئے ہیں، میں تو ابھی بچہ ہوں۔ اتنا جلد اپنی خواہش سے نہ میں عورت ہی کرونگا اور نہ شادی کرونگا، کیا زبردستی ہے؟

شہر بانو خانم۔ (بیچ کر) ہاں ہاں زبردستی ہے۔ بلا شبہ اگر شرف نساء بچی نہ ہوتی تو آپ سے دو سال پہلے ہی شادی ہو گئی ہوتی۔ ارے تم جیسے نوجوان بیوی کے نہ ہونے سے بدراہ ہو کر چوری اور غنڈہ پن کرنے لگتے ہیں۔

شہباز بیگ۔ آدمی بھوکا اور ننگا رہنے کی وجہ سے چوری اور غنڈہ پن کرنے لگتا ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ مجھے کسی بات کی کمی نہیں۔

شہر بانو خانم۔ (تمسخرانہ انداز سے) تم نے دیکھا کہ کن کن فقیروں نے چوری کی اور راہ ماری۔ ذرا اپنی عقل پر نہ اتراو۔ جاؤ اپنا کام کرو! تم بالکل راستہ سے ہٹ گئے ہو۔

(شہباز سر جھکائے چلا جاتا ہے) شاید حاتم خاں آقا اور شہر بانو خانم مر گئے ہیں کہ فرنگی موا شہباز کو بہکا کر پیرس لے جائے۔ بیٹی شرف نساء میں بھول گئی ذرا ادھر سے کہو دیکھوں کہ وہ ٹکڑ گدا فرنگی شہباز کو کن کن باتوں سے بہکا کر پیرس لے جا رہا ہے۔

شرف نساء خانم۔ میں کیا جانوں، کیا کہا ہے۔ یہی کہا ہے کہ پیرس میں کنواری لڑکیاں اور جوان جوان خوبصورت عورتیں مردوں کی محفل میں کھلے منہ جاتی ہیں۔

شہربانو خانم۔ اور کیا کہا ہے؟

شرف نساء۔ میں کیا جانوں، اور یہ کہا ہے کہ کنوارے لڑکے، کنواری لڑکیاں اور جوان جوان عورتوں کے ساتھ ایک ہی جگہ کھیلتے اور ہنستے بولتے ہیں۔

شہربانو خانم۔ (ناراض ہو کر) اونھ، یہ تو وہی پہلی باتیں ہیں، ان کے سوا اور کیا کہا ہے؟

شرف نساء خانم۔ اور بہت سی باتیں تھیں وہ مجھے یاد نہیں رہیا، بس یہی ایک یاد رہ گئی تھی، اور میں کیا جانوں۔

شہربانو خانم۔ (غصہ کے لہجے میں) اللہ اکبر! بیٹی، آخر میں حاتم خاں آقا سے یہ کیسے کہوں کہ آپ کا بھتیجا شہباز بیگ قراباغ میں ہی بیٹھے بیٹھے پیرس کی لڑکیوں پر عاشق ہو گیا ہے اور موسیو ژوردان کے ساتھ جا رہا ہے۔ اور سولہ سالہ لڑکی شرف نساء خانم یہیں سے بیٹھی ہوئی پیرس کی کنواری اور جوان عورتوں پر حسد کر رہی ہے۔ ابھی تو نہ کوئی گیا اور نہ آیا۔ تم اپنی آنکھوں سے آنسوؤں کو مثل سیل کے بہاتی ہوئی سوگ لیے بیٹھی ہو۔

شرف نساء خانم۔ (اپنی جگہ سے اٹھ کر) ہائے خدا! میرے سر پر خاک، یہ عورت کیسی باتیں کر رہی ہے، زمین میرے پاؤں تلے سے نکل گئی، میں اٹھ کر بھاگ جاؤنگی (وہ جلد کمرہ سے نکل کر چلی جاتی ہے)

شہربانو خانم ۔ (چھوٹی لڑکی کی جانب دیکھ کر) گلچہرہ، تیرے ابا گھر کے پچھواڑے چرواہوں سے باتیں کر رہے ہیں۔ جا، اور کہہ کہ وہ جلد یہاں آئیں۔ کام ضروری ہے (گل چہرہ دوڑتی ہے) یہ فرنگی کتنے ناشکرے اور نمک حرام ہوتے ہیں، نیکی کو تو سمجھتے ہی نہیں۔ میں بے وقوف ہوں کہ موسیو ژوردان کو دوپہر کے کھانے پر مکھن چاہیے، بالائی چاہیے، شام کے کھانے پر پلاو ہونا چاہیے (اس خیال سے) کہ کہیں وہ اپنے ملک جانے کے بعد یہ نہ کہے کہ قراباغ کے قبائل کی عورتیں پھوہڑ ہوتی ہیں۔ مہمان کی تواضع نہیں کر سکتیں۔ اچھا لو اس کے بعد بھی لوگوں کے ساتھ اور بھلائی کرو، میری تو نیکیاں سب برباد گئیں۔

حاتم خاں آقا ۔ کیا ہے خانم خیر تو ہے، مجھے اتنا جلد کیوں بلوایا۔

شہربانو خانم ۔ (تیوری چڑھا کر) اور کیا چاہتے ہو، لو دیکھو وہ ننگ گدا جس کو لوگ کھانے اور سونے میں تمھارا مہمان عزیز کہتے ہیں تمھارے بھتیجے کو بہکا کر اپنے ہمراہ پیرس لیے جاتا ہے۔

حاتم خاں آقا ۔ موسیو ژوردان شہباز کو کیوں پیرس لے جائینگے، کون (اس طرح) کہتا تھا؟

شہربانو خانم ۔ میں کہتی ہوں، شہباز نے آپ ہی شرف نساء سے کہا ہے۔

حاتم خاں آقا ۔ (غیر معمولی قہقہہ لگا کر) ہا، ہا، ہا! شہباز بیگ یہ جانتا ہے کہ تمھاری لڑکی کی طبیعت نازک ہے اس لیے اس کے ساتھ اس نے مذاق کیا ہے۔ یقیناً شرف نساء بھی انہی باتوں سے پریشان

ہے۔ ہاہاہا! تم دونوں ماں بیٹیوں میں رتی برابر بھی عقل نہیں، ہر فضول سی بات پر ناحق آپے سے باہر ہو جاتی ہو۔

شہر بانو خانم۔ (چلاکر) تم ہمیشہ ہر بات کو معمولی سمجھتے ہو، لڑکا ناسمجھ ہے۔ شاید اس فرنگی نے کچھ باتیں بنا کے اس کو بہکا دیا ہے خون خرابہ تو نہ ہوگا، آخر مرد ہو، تم ابھی دونوں کو بلا کر پوچھ لو، اور معلوم کر لو کہ بات کیا ہے۔

حاتم خاں آقا۔ بہت اچھا، خانم، بہت اچھا، خدا کے لیے چلاؤ نہیں، میں ابھی بلاتا ہوں یا میں خود جا کر تحقیق کرونگا، تم اپنا دل نہ کڑھاؤ۔

پردہ گرتا ہے

دوسری مجلس

اسی روز پہلے کمرے ہی میں مقرر ہوتی ہے۔ کمرہ میں کمبل اور ایک پاکیزہ قالین کا فرش ہے۔ ایک طرف آٹے کی بوریاں لگی ہیں اور دوسری طرف روغن کے کپے اور اونی فرش رکھا ہوا ہے۔ حاتم خاں آقا کمرے کے صدر میں فرش پر بیٹھا ہے اور اس کی بیوی شہر بانو خانم اس کی دائیں طرف منہ پر نقاب ڈالے اور سر پر سفید چادر اوڑھے ایک زانو بیٹھی ہے۔ حاتم خاں آقا کے مقابل میں اس کا بھتیجا شہباز بیگ خنجر کے دستے پر ٹیکا دیئے منتظر ہے کہ دیکھنا چچا کیا کہتے ہیں۔

اور ایک اونی فرش پر قالین بچھا دیا گیا ہے۔ یہ شہباز بیگ کی دائیں طرف ہے۔ موسیو ژوردان یورپی لباس پہنے ہوئے پاؤں پر پاؤں رکھے ننگے سر ہاتھ میں سیگار جلاتے ہوئے دم لگا رہے ہیں حاتم خاں آقا کی بڑی لڑکی شرف نساء ان سے پہلے ہی اکیلی نرم اونی کمبل کے پیچھے جو سامان کے سامنے پڑا ہوا ہے اس لیے دبکی ہوئی ہے کہ دیکھے یہ لوگ کیا گفتگو کرتے ہیں۔ اس اثنا میں

حاتم خاں آقا۔ (موسیو ژوردان کی طرف رُخ کر کے) حکیم صاحب! میں نے سنا ہے کہ آپ ہمارے شہباز کو یورپ لے جائینگے، یہ کیا بات ہے؟

موسیو ژوردان۔ حاتم خاں آقا! میں خود چاہتا تھا کہ اس بات کا آپ سے ذکر کروں۔ افسوس کا مقام ہے کہ شہباز بیگ سا سمجھدار لکھا پڑھا نوجوان یورپ کی زبان نہ جانے۔ میں نے وعدہ کر لیا ہے کہ اُن کو پیرس لیجاؤں اور یورپی زبان (فرنچ) سکھا کر اُن کو راہ پر لگا دوں چونکہ اس زبان سے انھیں بہت شوق ہے بہت جلد سیکھ لینگے۔ اب بھی بیٹھنے اٹھنے سے اُنھوں نے کچھ الفاظ یاد کر لیے ہیں۔

حاتم خاں آقا۔ (شہباز بیگ کی طرف دیکھ کر) شہباز بیگ! سچ مچ تم پیرس جانا چاہتے ہو۔

شہباز بیگ۔ جی ہاں، چچا جان! آپ کی اجازت سے موسیو ژوردان کے ساتھ جاؤنگا اور گھوم گھام کر واپس ہو جاؤنگا۔

حاتم خاں آقا۔ کس لیے بیٹا!

شہباز بیگ۔ چچا جان یورپ کی زبان (فرنچ) سیکھنے کے لیے۔

حاتم خاں آقا۔ فرنچ زبان تمھارے کس مرض کی دوا ہے! بیٹا، تمھارے لیے عربی، ایرانی، ترکی اور روسی زبانوں کی ضرورت ہے، خدا کا شکر ہے، کہ ان درسگاہوں میں جو سلطنت عالیہ کی سرپرستی میں کھلے ہیں تم نے ان تمام زبانوں کو پڑھا اور سیکھا ہے

شہباز بیگ۔ چچاجان! یورپ کی زبان (فرنچ) کی مجھے بڑی ضرورت ہے گزشتہ سال تفلیس میں نہر کھودنے کی اجازت کے لیے جب آپ نے مجھے بھیجا تھا۔ تو اللہ وردی بیگ کے بیٹے طاہر وردی بیگ کی سماج میں صرف اس وجہ سے زیادہ عزت کی گئی کہ اس نے شہر وارسا میں فرنچ زبان سیکھی تھی حالانکہ وہ سوائے فرنچ اور ترکی کے اور کوئی زبان نہیں جانتا۔

حاتم خاں آقا۔ بیٹا، ابھی تم بچے ہو۔ یہ سب فضول باتیں ہیں انسان کے لیے عقل کی ضرورت ہے۔ زیادہ زبانیں جاننے سے عقل میں اضافہ نہیں ہوتا۔ انسان کو چاہیے کہ وہ جس زبان میں بھی واقفیت رکھتا ہو۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ صاحب فہم اور اہل زمانہ کی رسوم اور عادات سے واقف ہو کر اپنے کام کو ترقی دے۔

شہباز بیگ۔ پیرس والے بھی تو اہل زمانہ میں داخل ہیں۔ آپ ہی کے قول کے مطابق ان کے رسم و رواج کو بھی جاننا ضروری ہے۔

حاتم خاں آقا۔ کیا برائی ہے شوق ہے تو ان کے رسم و رواج کو سیکھ لو!

شہباز بیگ۔ اس صورت میں اگر پیرس نہ جاؤں تو ان کے رسم و رواج کس طرح معلوم کرونگا۔

حاتم خاں آقا۔ یہ تو بہت آسان ہے چنانچہ میں خود قراباغ کے سوا کہیں نہیں گیا۔ صرف موسیوژ وردان سے ملنے اور ان کی باتیں سننے سے ان کے تمام رسم و رواج سے واقف ہو گیا۔

شہباز بیگ۔ چچا جان! میری سمجھ میں نہ آیا کہ آپ نے اہل پیرس کے رسم و رواج کس طرح جان لیے۔

حاتم خاں آقا۔ بیٹا! میں تمھیں اسی ساعت بتائے دیتا ہوں مجھے یقین ہو گیا ہے کہ ہر وہ رسم و رواج جو ہمارے ہاں جاری ہے پیرس والے اس کے برخلاف چلتے ہیں۔ جیسے ہم ہاتھوں میں مہندی لگاتے ہیں یورپ والے نہیں لگاتے۔ ہم سر کے بال ترشواتے ہیں وہ نہیں ترشواتے۔ ہم ٹوپی اوڑھ کر بیٹھتے ہیں وہ ننگے سر۔ ہم جوتی پہنتے ہیں وہ فل بوٹ۔ ہم ہاتھ سے کھانا کھاتے ہیں وہ چمچے سے۔ ہم یہاں کھلم کھلا پیشکش (رشوت) لیتے ہیں وہاں چھپ چھپ کر۔ ہم یہاں ہر چیز پر یقین رکھتے ہیں وہ لوگ کسی چیز کو نہیں مانتے۔ ہماری عورتیں اونچا اونچا لباس پہنتی ہیں وہاں کی عورتیں بہت نیچا۔ ہمارے ہاں زیادہ عورتیں کرنے کی عادت ہے۔ وہاں زیادہ مرد۔

شہباز بیگ۔ چچا جان! میں نے اس بات کو نہیں سمجھا۔

حاتم خاں آقا۔ کیوں نہیں سمجھا، بیٹا بہت سی عورتیں کرنے کا یہ مطلب ہے کہ ایک مرد ایک عورت پر قانع نہیں رہتا اور بہت سے شوہر کرنے کا یہ معنے ہے کہ ایک عورت ایک مرد ہی پر قانع نہیں رہتی۔ پہلی چیز ہمارے ہاں موجود ہے اور دوسری چیز پیرس میں رائج ہے۔

کیوں کہ سرما کی لمبی راتوں میں موسیو ژوردان مجھے کتابوں سے ایسی چیزیں سُنایا کرتے تھے۔ پیرس جانے کی بیجا خواہش سے باز آؤ۔

موسیو ژوردان۔ (تمسخر سے ہنستے ہوے) ہاہاہا حاتم خاں آقا! تعجب ہے کہ تم جیسا جہاں دیدہ منطقی اصول سے آگاہ شخص اس قدر عقل اور فہم کے ہوتے ہوئے اب تک کونسل کے ارکان میں کیوں داخل نہیں ہوا؟ گو آپ کی مدلل تقریر کی میں تردید نہیں کرسکتا مگر آپ اجازت دیں تو چند باتیں میں عرض کرونگا۔

حاتم خاں آقا۔ فرمائیے حکیم صاحب! آپ جو کچھ کہیں مناسب ہے۔

موسیو ژوردان۔ (سنجیدگی سے) حاتم خاں آقا! میرا قصد یہ تھا شہباز کو پیرس لے جاکر پہلے خود اس کی تربیت پر توجہ کروں اور مغربی علوم اور زبان کی حتی المقدور تعلیم دوں، پھر اپنی حکومت سے اس کا تعارف کراکے ان نیکیوں اور تکلیفوں کے بدلے جو یہاں آپ نے میرے لیے برداشت کی ہیں حکومت سے انعام و اکرام دلواکر واپس کروں۔ اس وجہ سے کہ میں اس جامعہ کے علماء اور حکما (پروفیسر اور ماہرین) میں سے ہوں جس کو حکومت کی خاص سرپرستی حاصل ہے اور مقربان خاص اور عمائد سلطنت سے ہوں لیکن آپ کی تقریر سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ سفر کے فائدوں کے قائل نہیں ہیں اس لیے میرے لیے ضروری ہوا کہ سفر کے فوائد کو واقعہ کے مطابق

مثال کے ذریعہ آپ پر ظاہر کر دوں۔ مثلاً (جیب میں ہاتھ
ڈالتا ہے اور ایک بیاض نکال کر کھولتا ہے چند بوٹیوں کو
جو ترتیب کے ساتھ رکھی ہوئی تھیں دکھاتا ہے) اگر میں قراباغ
نہ آتا تو کون جانتا تھا کہ قراباغ کے گرمائی مقام میں یہ بوٹیاں
موجود ہیں۔ اس سے پہلے ہمارے طبیب اور حکیم جناب لینہ
تورنفورت اور بار اترام نے یہ خیال کیا تھا کہ یہ بوٹیاں صرف
کوہ ہائے آلپ، امریکہ اور افریقہ سوئزرستان کے پہاڑوں
میں ہوتی ہیں۔ لیکن اب میں آنے کی وجہ سے پیرس کی جامعہ
میں یہ ثابت کروں گا کہ مذکورہ حکما نے سرتاپا غلطی کی ہے، یہ
بوٹیاں تو قراباغ کے پہاڑوں میں بکثرت موجود ہیں۔ اس
بوٹی کی ماہیت دریافت کر کے اس کی خاصیتوں کو ذریعۂ تجربہ
معلوم کروں گا اور اس خصوص میں اطبا کی معلومات کے لیے
ایک نئی تصنیف لکھوں گا جو دنیا میں مشہور ہوگی مثلاً یہ بوٹی
جو آپ دیکھ رہے ہیں، لاتینی زبان میں اس کا نام (ہاتھ
سے اس بوٹی کی جانب اشارہ کر کے) آقا نترس ہے میرے
تجربے کے لحاظ سے دل کے درد کے لیے بہت مفید ہے۔ جناب
لینہ نے اس کو دوسرے درجہ میں فرض کیا ہے اور جناب
تورنفورت چوتھے درجے میں فرض کرتے ہیں۔ لیکن میں اسے
دوم درجہ میں فرض کروں گا۔ اور اس بوٹی کا نام لاتینی میں
سراسترم البینم ہے، آنکھ کے درد کے لیے نہایت نافع ہے۔
جناب لینہ اس کو ساتویں درجہ میں فرض کرتے ہیں اور جناب تورنفورت

اس کا چھٹا درجہ مانتے ہیں، لیکن میں اسے دسویں درجے
میں مانونگا۔ اس بوٹی کا نام لاتینی میں کاملینا آفریکینا ہے۔
دانتوں کے درد کے علاج کے لیے مخصوص ہے جناب لینہ
پانچویں درجے اور جناب تورنفورت تیسرے درجے میں
اسے مانتے ہیں۔ لیکن میں اس کا آٹھواں درجہ فرض کرونگا۔
اس بوٹی کا نام لاتینی میں قوم براتوم ہے۔ اس زمانے تک
بھی یورپ میں کبھی مشہور نہ تھی اسے امریکہ کی بوٹی سمجھتے رہے
اب میں اس سے بہت مسرور ہوں کہ اس کو میں نے قراباغ
کی پہاڑیوں میں ڈھونڈھ نکالا ہے جو سردی کھائے ہوئے
(مفلوج) مریض کے لیے نہایت مفید ہے۔ جناب لینہ نے
اس کو چھٹے درجے میں اور جناب تورنفورت نے پانچویں
درجے میں مانا ہے۔ لیکن میں چوتھے میں مانونگا۔ جن جن
جڑی بوٹیوں کی ماہیتوں اور خواص کو میں نے دریافت کیا
ہے اسی ترتیب کے ساتھ لکھ کر دنیا کو آگاہ کرونگا۔ اس سے
میری شہرت اور عزت جناب لینہ کے حامی جارج فلیفورڈ
سے نہایت بڑھی چڑھی ہوجائیگی۔ میں علوم کی نمایاں خدمات انجام
دونگا۔ جرمنی کے علما اور اطبا کے گروہ کی اس خدمت سے جو اپنے
وطن میں رہ کر آلو کی بیماری کے اسباب دریافت کرنے میں
صرف کی ہے اعلیٰ وارفع ہوگی۔

حاتم خاں آقا۔ حکیم صاحب! آپ نے کیا کہا؟ میں کچھ نہیں سمجھا۔
فلیفورد کون ہے، لینہ کون شخص ہے اور تورنفورت کون آدمی

ہے؟ کیوں انھوں نے اتنی زحمت برداشت کر کے بوٹیوں کا درجہ مقرر کیا؟ جرمنی کیا ہے؟ قار توقل (آلو) کون تھا کیوں مریض بنا اور وہ کون بزرگ گزرا ہے کہ وطن اس درجہ اس کے مزاج کے اعتدال (تندرستی) اور اس کی درازی عمر کا طالب ہے۔ (حاضرین نے کچھ سکوت اختیار کیا اور موسیو ژوردان ہنس پڑے) حکیم صاحب! گویا شہباز کو بھی لے جاکر اس معمہ کو سکھا دینا چاہتے ہیں۔

موسیو ژوردان ۔ حاتم خاں آقا! معاف کیجیے، آپ نے سچ فرمایا۔ اب میں سمجھ گیا کہ آپ کے سمجھنے کے لیے کس قسم کی مثال پیش کرنی چاہیے اچھا سنیے آج سے ایک ماہ پہلے قراباغ کے کسی دور دراز مقام سے ایک خوش قسمت آدمی جس کا نام میں بھول رہا ہوں گیلانی گھوڑے پر سوار ہو آپ کے یہاں آکر مہمان ہوا۔ اگر وہ قراباغ نہ آتا تو اسے اتنی دولت کہاں سے ہاتھ لگتی۔

حاتم خاں آقا۔ حکیم صاحب! دیکھیے تو یہ بات کس قدر صاف ہے؟ آپ سچ فرماتے ہیں اگر وہ قراباغ نہ آتا کبھی اسے یہ دولت حاصل نہ ہوتی۔

شہباز بیگ ۔ چچا جان! میں آپ کے قربان، جس طرح آپ دونوں نے سفر کے فائدہ کو تسلیم کیا ہے اگر آپ میری خوش نصیبی چاہتے ہیں تو مجھے اجازت دیجیے کہ میں موسیو ژوردان کے ہمراہ جاؤں پھر کبھی ایسا موقع ہاتھ نہ آئیگا۔

حاتم خاں آقا۔ (کسی قدر سوچ کر) شہباز کب تک پیرس جاکر لوٹ سکیگا۔ حکیم صاحب!

موسیو ژوردان۔ اس کے جاکر واپس ہونے میں ایک سال سے زیادہ وقت نہ لگیگا۔ جب اس کے جانے سے یہ فائدہ مقصود ہے کہ فرنچ زبان اچھی طرح سیکھ لے۔ پوری مہارت حاصل کرنے کے لیے کم سے کم ایک سال کی مدّت درکار ہے۔

حاتم خاں آقا۔ (بیوی کی طرف دیکھ کر) خانم! اور ہم کیا کریں؟ پلک مارتے سال گزر جاتا ہے، جوان آدمی ہے اس کا دل چاہتا ہے کہ پیرس جاکر دیکھے۔ حکیم صاحب بہت لائق آدمی ہیں، ان کی موجودگی میں کچھ سیکھ لیگا اچھے بُرے کو دیکھیگا۔ حکومت سے عطیہ حاصل کریگا۔ شروع سال ہی میں قراباغ میں آجائیگا۔ ہم بھی اس کی شادی کے اہتمام میں لگے رہینگے جس وقت وہ آئیگا کردینگے۔

شہربانو خانم۔ (چیختی چلاتی ہوئی اپنی جگہ سے اٹھتی ہے) مردوے! تیرا خیال کہاں ہے؟ کہتا کیا ہے؟ نہ اس کا مجھے پیرس جانا منظور ہے نہ تعلیم حاصل کرنا اور نہ یورپی حکومت سے انعام لینا۔ یہ سب بہانے ہیں شہباز چاہتا ہے کہ پیرس جاکر کنواری لڑکیوں اور جوان جوان عورتوں کے ساتھ جو مردانہ محفلوں میں بے پردہ پھرتی ہیں عیش منائے، ہنسے بولے اور بس۔

حاتم خاں آقا۔ (جھلّا کر) خانم! خدا کے لیے فریاد نہ کرو، چپ بھی رہو اس کے سوا اور کیا کریں، اگر تم سے ہوسکے تو نہ جانے دو اگر ہوا کو پنجرہ میں بند کرسکیں اور اس پرندہ کو جو آسمان پر اڑ رہا ہے اُڑنے سے روک سکیں شہباز کو بھی روکا جاسکتا اور اس کی بزور نگرانی کی جاسکتی ہے اگر میں اجازت نہ دوں تو گھوڑے کی پیٹھ پر

سوار ہو کر وہ خود کو دریائے ارس کے پار پہنچا دیگا۔ پھر میں اس کو کہاں ڈھونڈتا پھروں شاید تم اسے نہیں جانتیں کہ وہ کتنا ضدّی ہے۔

شہر بانو خانم۔ (اور زور سے چلا کر) میں بھی اس سے زیادہ ضدی ہوں نہ جانے دونگی۔ اگر شہباز کو میں نے پیرس جانے دیا تو یہ میرا ڈوپٹہ رنڈیوں کا ڈوپٹہ ہوگا (اپنا ہاتھ چادر کی طرف بڑھاتی ہے)۔

شہباز بیگ۔ (دلی اطمینان کے ساتھ ہنستے ہوئے) اللہ اکبر! اچھی جان! نہ معلوم آپ مجھے کن کن چوکیداروں کے پہرے میں دینگی۔

شہر بانو خانم۔ (بیچ کر) میاں تم دیکھ لینا میں تمھیں پہرے میں دے سکتی ہوں یا نہیں۔ اگر میں نہ دے سکوں تو تم سے اس وقت جو کچھ ہو سکے کرنا۔

حاتم خاں آقا۔ غلطی کرنا عورتوں کا کام ہے۔

(موسیو ژوردان دنگ رہ جاتے ہیں اور شہباز بیگ ناراض ہو کر چپ رہ جاتا ہے۔)

تیسری مجلس

(تیسری مجلس بھی پھر وہیں ہوتی ہے۔ شہر بانو خانم گھر میں موجود ہے شرف نساء خانم بھی ایک کونے میں بیٹھی کنگھے سے اون صاف کر رہی ہے اس اثنا میں دروازہ کھلتا ہے اور شرف نساء خانم کی دایہ خان پری اندر آتی ہے)

خان پری۔ السلام علیک۔

شہر بانو خانم ۔ وعلیک السلام ۔ خان پری! تو نے کچھ سمجھا، کیا ہوا؟ (شرف نساء خانم کان لگاتی ہے) بات ایسی ہے کہ شہباز پیرس جا رہا ہے۔ اب میں نے تجھے اس لیے بلایا ہے کہ اگر تو کوئی تدبیر کر سکتی ہے تو کر۔ تو آپ جانتی ہے حاتم خاں آقا تو منہ دیکھا آدمی ہے پہلے تو اس نے خوب باتیں کیں مگر پھر سٹ پٹا گیا۔ اور موسیو ژوردان اور شہباز کی بعض بے سر و پا باتوں سے دھوکا کھا گیا۔ لیکن میں یا تو مر جاؤنگی یا شہباز کو پیرس نہ جانے دونگی۔ سچ تو یہ ہے کہ شرف نساء کی آنکھ کے آنسو میں نہیں دیکھ سکتی خدا کو بھی کبھی یہ بات گوارا نہ ہوگی ؟ شہباز تو پیرس جا کر مزے اُڑائے اور میری پندرہ برس کی پھول سے رخسار والی لڑکی آہیں کرے اور آنکھ سے خون کے آنسو بہائے۔ ابریشم کی طرح زرد اور تاگے کی طرح باریک ہو جائے۔

خان پری ۔ خانم! اس کی وہی تدبیر ہے جو میں نے اس وقت کہی تھی۔ کیا ضرور ہے کہ تم حاتم خاں آقا یا کسی دوسرے شخص کا احسان لو؟ تم کسی پڑوسی کو بھیج کر موضع آغچہ بدیع سے درویش مست علی شاہ کو جو تاتاری قبیلہ سے ہے بلوالیں جس طرح تمھارا دلی منشا ہے وہ اس کے موافق کام کر دیگا۔ میں نے اس کے جادو میں وہ اثر دیکھا ہے اگر وہ چاہے تو گھڑی بھر میں مجھ کو اپنے بوڑھے شوہر سے چھڑا دے۔

شہر بانو خانم ۔ خان پری! میں نے بھی اس کے جادو کا زور تو سنا ہے لیکن یہ کام بہت مشکل کام ہے (اسی وجہ سے) مجھ کو شک ہو رہا

ہے، اچھا اس کے کیے ہوئے کاموں میں سے جو تمھیں معلوم ہو کہو تو
کہ میں مطمئن اور آمادہ ہو جاؤں۔
خان پری۔ خانم! کیا اس نے آغچہ بدیع کے چودھری کریم کی بیوی سلطانی ناز
کو طلاق دلوا کر اس کے عاشق کے حوالہ نہیں کر دیا، اور موسے صفدر علی
مغانی کی بیٹی کو اس نے اس کے آشنا کے پاس نہیں پہنچا دیا؟ اس کے
باپ کو لڑکی دینے کے لیے راضی نہ ہوتا تھا جادو کے ذریعہ نہیں مار ڈالا۔
اور کربلائی قنبر جوّادلو کی لڑکی شاہ صنم کے شوہر کو اس غرض سے
کہ وہ دوسری عورت نہ کرے ایک سال کے رستہ نہیں پلٹا لیا؟ کوئی
چیز اس کے قابو سے باہر نہیں۔
شہربانو خانم۔ میری آنکھوں کی نور خان پری! اچھا تو بہت جلد اپنے
لڑکے علی مردان کو بھیج دو کہ وہ آغچہ بدیع سے مست علی شاہ کو
لے آئے اور یہ کہہ دو کہ خانم تمھیں بلاتی ہیں، وہ جو چاہے وعدہ کر لو
غرض یہ کہ سرِ شام چراغ جلتے مست علی شاہ ہمارے گھر میں پہنچ جائے
خان پری۔ بہت اچھا خانم! ابھی روانہ کرتی ہوں۔ لیکن مست علی شاہ
کو حاتم خاں آقا اور شہباز بیگ سے چھُپ کر یہاں آنا پڑیگا۔ خدا
نہ کرے اگر شہباز نے ان کو یہاں دیکھ لیا تو اس کو بھی قتل کر دیگا اور
مجھے بھی زندہ نہیں چھوڑیگا۔
شہربانو خانم۔ اس میں شبہ نہیں، میں ابھی جاتی ہوں دونوں کو گھڑسال
کی جانچ اپرتال کے لیے روانہ کرتی ہوں اور جتا دونگی کہ آنے کے بعد
شرف نساء کے کمرہ میں سو جائیں کیونکہ آج رات میں یہاں پانی گرم
کر کے شرف نساء کو نہلاؤنگی۔ تو اُٹھ اور جا! اپنے لڑکے کو درویش کے

بلانے کے لیے روانہ کر دے! (پھر وہ دونوں چلی جاتی ہیں)

شرف نساء بیگم ۔ (اکیلی کھڑی ہو کر) اُفوہ! خدا کا شکر ہے، میرے دل نے کچھ قرار پکڑا ۔ وہ ملک تباہ ہو جائے جہاں جادو اور جادوگر نہ ہوں اگر وہ درویش جیسے میری دایہ نے بتایا نہ ہوتا تو بے شک موسیو ژوردان شہباز کو لے جاتا اور مجھ پر دنیا کو تاریک کر دیتا ۔ (اتنے میں دروازہ کھلتا ہے اور شہباز بیگ اندر آجاتا ہے)

شہباز بیگ ۔ شرف نساء تمھاری بلا میرے سر، تم نے سمجھا، چچی جان نے آج کیا کیا؟ موسیو ژوردان کے روبرو چیخیں اور مجھے بھی دھمکایا ۔

شرف نساء ۔ شہباز! تمھیں اپنے کرتوتوں کی کچھ خبر نہیں، چچی جان کا یہ چیخنا تمھاری نظر میں عجیب معلوم ہوتا ہے ۔

شہباز بیگ ۔ پیاری شرف نساء تمھاری بلا میرے سر، میں نے کیا کیا؟

شرف نساء خانم ۔ (جلد جاتی ہے اور اپنے کارگہ کے پیچھے ہاتھ بڑھا کر آدھے آدھے صفحہ کے چند کاغذ کے ٹکڑے نکالتی اور کھولتی ہے) شہباز! پھر ان تصویروں کو میرے لیے کون لایا ہے؟ تم نہیں لائے، تم نے نہیں کہا کہ یہ تصویریں پیرس کی کنواری لڑکیوں اور جوان جوان عورتوں کی ہیں؟ دیکھو، پیرس میں کتنی خوبصورت لڑکیاں ہیں۔ یہ محفلوں وغیرہ میں سب کی سب کنوارے لڑکوں کے ساتھ ایک جگہ اُٹھتی بیٹھتی ہیں ۔ میں نے ابھی تک شرم کے مارے یہ تصویریں تمھاری چچی جان کو نہیں دکھائی ہیں ۔

شہباز بیگ ۔ شرف نساء! کیوں تم بچوں کی سی باتیں کر رہی ہو یہ

تصویریں موسیو ژوردان کی کتاب میں تھیں۔ جب وہ کتابیں کھول کر دیکھ رہے تھے تو ان پر ان کی نظر پڑی، انھوں نے نکال مجھے دیں۔ اور کہا کہ تم لے جاکر اپنی منگیتر کو دکھلاؤ اور کہو کہ پیرس کی کنواری لڑکیاں اور جوان عورتیں اس سال اس طرز کے لباس میں ہیں۔ گزشتہ سال ان کا لباس دوسرے طرز کا تھا۔ آئندہ سال دوسرے طرز کا لباس پہنیں گی۔ پیرس میں ہر سال لباس پہننے کا طریقہ بدل جاتا ہے۔ میں لے آیا اور تمھیں دے دیا، اس سے کیا ہو گیا۔

شرف نساء خانم ۔ ہوا یہی کہ ان لڑکیوں کے عشق میں ہوا میں اُڑ کر تم پیرس پہنچنا چاہتے ہو۔

شہباز بیگ ۔ شرف نساء! یہ کیسی باتیں کر رہی ہو۔ پیرس کی تمام لڑکیاں تیرے ایک بال پر سے قربان ہیں۔ میں جو تم جیسا حسین معشوق رکھتا ہوں۔ جنت کی حوریں بھی میری آنکھوں میں نہیں جچتیں۔ میں یہ تمھارے بغیر ایک دن بھی نہیں رہ سکتا۔

شرف نساء خانم ۔ بس ختم کرو۔ خدا کے لیے یہ چالیں یہاں نہ چلو۔ جو نوجوان یہ کہے کہ میں تمھارے بغیر ایک دن نہیں رہ سکتا، وہ یہاں سے پیرس نہیں جا سکتا۔ تم مجھ کو مطلق نہیں چاہتے۔

شہباز بیگ ۔ (کھڑے ہو کر باہیں گردن میں ڈالتا ہے اور منہ چومتا ہے)
شرف نساء کیا تم حقیقت میں مجھ سے بدگمان ہو گئی ہو۔ ان باتوں کے کہنے سے تو بہتر تھا کہ ایک تیر میرے دل پر چلا دیتیں۔ آخر پوچھ کر تو دیکھو کہ میں کس لیے پیرس جا رہا ہوں۔

شرف نساء خانم ۔ (روتی ہوئی شہباز بیگ کا ہاتھ اپنی گردن سے دور

کرتی ہے) مجھے کیا غرض کہ پوچھوں۔ اس کے سبب کو میں خود بہتر طور پر جانتی ہوں۔ اس کا سبب یہی تو ہے۔ (پھر وہ بسورتی ہوئی تصویروں کو توڑ مروڑ کر پیروں کے نیچے پھینک دیتی ہے)

شہباز بیگ۔ خدا کی قسم اس کا یہ سبب نہیں ہے۔ کیا تم نہیں جانتیں میرے تمام ساتھی نوکر ہو کر بڑے آدمی بن گئے ہیں۔ عزت و حرفت پا کر خوش نصیب ہو گئے ہیں۔ اور اس میں صرف میں ہی بے نام و نشان رہ گیا ہوں۔

شرف النساء خانم۔ اول تمھارا یہ کہنا ہی غلط ہے کہ ہمارے ساتھی ملازمت اور علم کے سبب خوش نصیب ہو گئے ہیں۔ یہ خوش نصیبیاں جو تمھیں نظر آ رہی ہیں انھیں یہ تمام دوسرے طریقوں سے حاصل ہوئی ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر نوکری کرنا ہی چاہتے ہو تو جاؤ تفلیس میں کرو۔ اگر چاہتے ہو کہ کسی دوسرے شہر کو جاؤ تو ایسی جگہ جاؤ جہاں کی آمد و رفت پر دسترس حاصل رہے۔ اور خیر و عافیت معلوم ہوتی رہے۔ لیکن پیرس کو نہ ہم میں سے کوئی جاتا ہے اور نہ آتا ہے۔

شہباز بیگ۔ سچ کہتی ہو۔ لیکن آدمی کے ہر کام میں واسطہ وسیلہ کی ضرورت ہے۔ تفلیس یا اور شہروں میں کوئی مجھ کو نہیں جانتا کہ میرا وسیلہ بن کر نوکری دلا دے۔ اور جو میری عزت کا باعث ہو لیکن یہ فرنگی بہت اچھا آدمی ہے۔ اور مجھ کو بہت عزیز رکھتا ہے۔ ہمارے خاندان کو پہچانتا ہے اس شخص کے ساتھ پیرس جانے سے فرانسیسی زبان سیکھنے، اور اس شخص کے حکومت سے تعارف کروانے کے سبب میں مشہور ہو جاؤں گا۔ اور پھر واپس ہونے پر میرے لیے ہر جگہ، ایک مقام ہوگا۔

شرف نساء خانم ۔ یہ تمام باتیں ایک حیلہ اور میرے فریفتہ کرنے کا بہانہ ہیں۔ یہ کیا بات ہے کہ تم جیسا ہنرمند نوجوان تفلیس میں نوکری نہیں پیدا کر سکتا۔

شہباز بیگ ۔ پیرس سے واپس ہو کر پھر تفلیس جا کر ہیں نوکری کرونگا۔

شرف نساء خانم ۔ (تصویروں کو پاؤں تلے مسلتی ہے) پیرس میں تم جیسا نوجوان ان آوارہ عورتوں کے ہاتھوں کیا اپنی جان سلامت رکھ سکتا ہے کہ واپس ہو کر آدمی کی طرح زندگی بسر کرے ۔ تم پیرس کبھی نہیں جا سکتے۔ جس وقت تم جاؤ اس وقت اِترانا۔

(اس اثناء میں حاتم خاں آقا بلند آواز سے شہباز بیگ کو پکارتا ہے ۔ وہ بھی جلد باہر چلا جاتا ہے۔)

چوتھی مجلس

(حاتم خاں آقا کے کمرہ میں مقرر ہوتی ہے ایک طرف شہر بانو خانم اور دوسری طرف شرف لنساء خانم اور ایک کونہ میں اُس کی دایہ خان پری بیٹھی ہیں رات کی دو گھڑیاں گزر چکی ہیں شہر بانو خانم سر کو بلند کرتی ہے اور خان پری سے مخاطب ہو کر ملول لہجہ میں پوچھتی ہے)

شہر بانو خانم ۔خان پری۔لے یہ کیا ہوا۔درویش کیوں نہیں آیا۔

خان پری ۔ خانم۔ جلدی مت کرو۔ اب آتا ہے۔

(یکایک دروازہ کھلتا ہے جادوگر مست علی شاہ تیوری چڑھائے ہوئے

داخل ہوتا ہے)

مست علی شاہ۔ السلام علیکم۔

شہربانو خانم (سر اُٹھا کر) وعلیکم السلام۔ بابا درویش! خوب آئے۔ آئیے بیٹھیے!

مست علی شاہ۔ (بیٹھ کر) خانم۔ مجھ سے آپ کا کیا کام ہے۔ فرمائیے تاکہ دل و جان سے اس کے پورا کرنے کی کوشش کروں۔

شہربانو خانم۔ بابا درویش۔ آپ کو ایک معمولی کام کے لیے تکلیف دی ہے مطلب یہ ہے کہ میرا شہباز بالکل گمراہ ہو چکا ہے۔ ہمارا ایک فرانسیسی مہمان ہے۔ اس کا خیال ہے کہ اس کے ساتھ شہر پیرس کو جائے اور یہ بھول سے رُخسار والی بچّی کو (جو بیٹھی ہے اس کی منگیتر ہے اور بیس روز بعد ہم ان کی شادی رچائینگے یہاں رُوتی بیٹھتی چھوڑ جائے) میں اور حاتم خاں آقا نے بہت کچھ کہا، اور منت سماجت کی لیکن وہ نہیں سنتا۔ آپ کو چاہیے کہ ایسی تدبیر کریں کہ شہباز پیرس نہ جا سکے اور موسیو ژوردان اس کے لے جانے کے خیال سے باز آئے اور پیرس نہ لے جائے۔

مست علی شاہ۔ خانم۔ یہ کوئی آسان یا معمولی کام نہیں بلکہ بہت بڑا اور کٹھن کام ہے۔ اس کام میں تو چاہیے یہ کہ میرا جادو موسیو ژوردان پر اثر کرے یا خود شہر پیرس پر۔

شہربانو خانم۔ بابا درویش۔ میں نہیں سمجھی کہ جادو کس طور پر موسیو ژوردان یا پیرس پر اثر انداز ہوگا۔

مست علی شاہ۔ خانم۔ مثلاً اگر میں شہباز بیگ کو متاثر کرنا چاہوں

تو میرے لیے ضروری ہوگا کہ ایک جن کو اس کے جسم پر مسلّط کردوں تاکہ وہ اس سفر کے خیال کو اس کے دماغ سے نکال دے۔ لیکن ممکن ہے اس کام سے وہ ڈر جائے اس کی عقل میں فتور واقع ہو مریض یا معذور ہو جائے کیونکہ بالکل ناتجربہ کار نوجوان ہے۔

شہربانو خانم۔ آہ! خدارا، بابا درویش ایسی بات زبان سے نہ نکالیے۔ یہ سب اس لیے ہے کہ شہباز بیگ ایک دن کے لیے بھی ہماری نظروں سے اوجھل نہ ہو۔ یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ ہم اس پر راضی ہو جائیں کہ جن اس کی جان پر مسلّط ہو جائے۔

مست علی شاہ۔ ایسی صورت میں چاہیے کہ دیووں اور بھوتوں کو حکم دوں کہ پیرس کو تباہ و برباد کریں تاکہ شہباز بیگ وہاں جانے کے ارادہ سے باز آئے یا مریخ کو حکم دوں کہ موسیو ژوردان کو قتل کردے اور کوئی شخص شہباز بیگ کو نہ لے جا سکے۔ اس کے سوا اور کوئی صورت نہیں۔

شہربانو خانم۔ بابا درویش۔ یہ کس طرح ممکن ہے۔ کیا آپ اس کام کو بھی کر سکتے ہیں؟

مست علی شاہ۔ واہ خانم۔ یہ میرا کام ہے۔ اور اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ شاید آپ نے نہیں سنا کہ میں نے چند شیاطین کو حکم دے رکھا ہے کہ شیشہ کے قلعہ میں ہمیشہ نقلی اور اصلی مُلّاؤں کے درمیان فتنہ و فساد برپا کرتے رہیں اور کبھی آرام سے نہ رہنے دیں۔ یہ اس لیے کہ اُنھوں نے منبر پر چڑھ کر علانیہ لوگوں کو نصیحت کی تھی کہ جادوگر اور ساحر کو نہ ماننا۔ کیا میں وہ نہیں ہوں کہ کیلجان نامی

جن کو شیطنت اور ایزار رسانی میں یگانہ روز گار ہے علی قلی کے بیٹے آقا قلی کے بدن سے اتار کر سالیان کے باشندوں کی جان پر مسلّط کردیا تھا۔ اس کے خوف سے رات دن وہ اپنے گھر میں آرام سے سو تک نہیں سکتے۔ ابھی تو میں نے سالیان والوں سے کم بدلہ لیا ہے اس لیے کہ اُنھوں نے گزشتہ سال مجھ کو سالیان میں نہ آنے دیا اور بھگا دیا کہ یہاں مومنوں کے گھر ہیں۔ تم درویش اور جادوگر ہو۔ یہاں قدم نہ رکھو۔ کون کون سے کاموں کو گناؤں۔ یہ تو ان عملیات (جادو) کے اثر ہیں جو حال حال ہی میں میں نے کیے ہیں۔ گیارہ سال قبل اِسی دریائے ارس کے کنارے پر آیا تھا اور نخچوان اور شرور سے ہوتا ہوا ایروان جانا چاہتا تھا۔ دونوں مقامات کے لوگوں نے روکا اور مزاحمت کی کہ میرے پاس پاسپورٹ نہیں تھا۔ ہم اس کی اجازت نہ دینگے کہ اس سرزمین سے گزرے۔ اجنبی اور پاسپورٹ نہ رکھنے ولے کو راستہ دینے اور اُدھر سے گزرنے دینے کی قانوناً ممانعت ہے۔ مگر یہ رشوت خوار محافظ رات دن جن لوگوں کو اس کی سرزمین میں یورپ کا مال لانے کی سخت ممانعت ہے خود ہی رہبر بن کر اِدھر اُدھر چھوڑ دیتے ہیں۔ ہر چند میں نے واسطے دیے لیکن میری ایک نہ سُنی میں نے اپنی پوری کوشش کی لیکن کچھ نتیجہ نہ نکلا۔ معاً میں نے غضبناک ہوکر جنوں اور شیطانوں کو حکم دے دیا۔ اُنھوں نے نخچوان اور شرور کے مکانوں کو بنیاد سے اُکھیڑ کر زمین کے برابر کردیا اور اس کے دھماکے سے کوہ آغری کا ایک پہلو اُکھڑ گیا۔ اور گرتے گرتے موضع

آگور کو بھی لے بیٹھا۔ اور وہاں کے غریب ارمنی بھی بڑے ہمسایوں کی وجہ تباہ و برباد ہوگئے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اگر کوہ آغری سے کہہ دوں کہ اپنی جگہ سے اکھڑ جا تو کیا نہیں اکھڑیگا؟ اگر دریائے ارس سے کہہ دوں کہ ٹھہر تو کیا وہ بہ سکتا ہے۔

شہربانو خانم۔ (تعجب سے ہاتھ منہ پر رکھ کر) اے خدا رحم کر!

مست علی شاہ۔ خانم ٹھہرنے کا موقع نہیں ہے، رات گزر رہی ہے۔ اب یہ فرمائیے کہ موسیو ژوردان کب جائیگا۔

شہربانو خانم۔ دس دن بعد۔

مست علی شاہ۔ بہت اچھا خانم! میں ابھی آپ کے روبرو پیرس کا خاکہ ڈال کر اسے درہم برہم کیے دیتا ہوں۔ دیووں اور شیطانوں کو حکم دیتا ہوں کہ وہ اسی دم پیرس کو برباد کردیں اور دس ہی روز میں موسیو ژوردان کو یہ خبر پہنچا دیں۔ تاکہ شہبانز کے لے جانے سے قاصر رہے۔ یا یہ کہ کسی چھوٹے بڑے (پتلے) کو اپنے روبرو مقید کرکے اس کا نام موسیو ژوردان رکھ کر اسی ساعت اس کی گردن ماردوں اور ستارۂ مریخ کو حکم دوں کہ وہ بھی اسی طرح دس دن کے اندر اندر بلاتامل موسیو ژوردان کی گردان ماردے کہ شہباز بیگ اس کے پنجے سے چھوٹ جائے۔ اب فرمائیے کہ آپ پیرس کی تباہی چاہتے ہیں یا موسیو ژوردان کی گردن مارا جانا!

خان پری۔ (دونوں ہاتھوں کو ملا کر ہتیھلیاں رگڑتے ہوئے) دونوں کو، بابا درویش کیا ہم فرنگیوں پر رحم کرینگے۔

شہربانو خانم۔ اف ری عورت! شاید تیرا دل پتھر کا ہے۔ بیچارے

پیرس والوں نے ہمارا کیا بگاڑا ہے جو ہم ان کے گھروں اور عمارتوں کو ان کے سر پر ڈھا دیں۔ اور ہزاروں نفوس کے قتل کا باعث بنیں۔ ہمیں تو سوائے اس نمک حرام موسیو ژوردان کے اور کسی نے اس خرخشہ میں نہیں ڈالا (مست علی شاہ کی طرف متوجہ ہوکر) بابا درویش! آپ جو مناسب سمجھیں کریں۔ یہاں مرغ کی گردن ماریں مریخ ستارے کو حکم دیں کہ اسی طرح دریائے ارس سے پار ہونے کے بعد موسیو ژوردان کی گردن اڑا دے۔ شہباز تنہا رہ جائے۔ اور پھر دریائے ارس کے اُس پار سے لوٹ کر یہاں آجائے۔ ہزاروں آدمی کے قتل کیے جانے سے ایک خطاوار آدمی کا مر جانا بہتر ہے۔

شرف النساء خانم۔ اماں جان! اس طرح نہ کہو! موسیو ژوردان بیچارہ بہت اچھا آدمی ہے اس گرمائی مقام میں روزانہ عجیب عجیب پھولوں اور کلیوں کے گلدستہ بنا کر شہباز بیگ کے ذریعہ میرے پاس بھیجتا رہا کہ لے جاؤ اور اپنی منگیتر کو دو! وہ دیکھیگی۔ کئی سال سے وہ ان گرمائی مقاموں میں گھوم رہا ہے، کبھی ایسے پھول اور کلیاں دیکھنے میں آئی ہیں؟ ایک آئینہ اس نے مجھے دیا ہے جس کی پشت پر نئی دنیا کے پھولوں کی تصویریں دی گئی ہیں اور وہ پیرس کے عجائب گھر کی پھلواڑی میں اوگتے ہیں۔ وہ مجھے ہمیشہ اپنی بیٹی کی طرح چاہتا ہے۔ میں اپنے آپ کو قتل کرا دونگی مگر موسیو ژوردان کی گردن مارنے نہ دونگی۔ پیرس تباہ ہوجائے تو ہمیں کیا؟ اگر وہاں لڑکیاں اور عورتیں کھلی منہ نہ پھرتیں تو شہباز

وہاں کبھی نہ جاتا۔ پیرس تباہ ہو جائے اور وہاں کی لڑکیاں اور عورتیں بھی مرجائیں۔

شہربانو خانم۔ خدا کی قسم میں نہیں جانتی کہ کس بات کو منظور کروں لیکن کریں کیا شرف نساء بھی درست کہتی ہے۔ موسیو ژوردان بھی درویش صفت اور اچھا آدمی ہے اس کا قصور اتنا ہی ہے کہ وہ شہباز کو بہکا کر پیرس جانے کا خیال اس کے سر میں ڈال دیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ پیرس کے لوگ بُرے ہوتے ہیں حکم خدا سے یہ درویش ہمارے پاس پہنچ گیا ہے تا اس کے جادو کے ذریعہ پیرس کو جڑ سے کھود کر پھینک دے۔ (مست علی شاہ کی جانب متوجہ ہوکر) بابا درویش! اب آپ دیووں اور جنوں کو حکم دیں کہ وہ پیرس کو تباہ و برباد کردیں۔

مست علی شاہ۔ (خان پری کی طرف متوجہ ہوکر) خان پری خالہ! باہر جاکر میرے شاگرد غلام علی سے کہہ دو کہ میری خرجین کو گھوڑے کی پیٹھ پر سے اُتار کر جلد لے آئے۔ (خان پری جلدی اُٹھ کر باہر جاتی ہے)۔ حاتم خاں اور شہباز بیگ اس وقت کہاں ہیں؟

شہربانو خانم۔ گھڑ سال سے آکر وہ کسی کمرہ میں سو گئے ہیں۔

مست علی شاہ۔ خبردار خانم! وہ اور دوسرے سب لوگ اس راز سے اس وقت تک یا اس کے بعد کبھی واقف نہ ہوں ورنہ جادو ہرگز اثر نہ کریگا۔

شہربانو خانم۔ بابا درویش! آپ اس بات سے مطمئن رہیے (اس اثنا میں دروازہ کھلتا ہے اور غلام علی خرجین ہاتھ میں لیے خان پری

کے ساتھ داخل ہوتا ہے)

غلام علی۔ السّلام علیکم!

مست علی شاہ۔ وعلیکم السّلام! خرجین زمین پر رکھ دے! اس کا منہ کھول کر اس کے اندر سے کاغذ کے ٹکڑے جن پر تصویریں کھینچی ہوئی ہیں نکال لے!

غلام علی۔ (درویشانہ رمز کی زبان میں جس کو یہ عورتیں نہ سمجھیں) آپ کیا کرنا چاہتے ہیں۔

مست علی شاہ۔ شہر پیرس کا خاکہ ڈال کر میں دیووں کو حکم دینا چاہتا ہوں کہ پلک مارنے میں اُسے تباہ و برباد کردیں جس طرح میں ابھی اس خانم کے سامنے (خاکے کو) تہ و بالا کرونگا۔

غلام علی۔ (ہنستے ہوئے) کس لیے؟

مست علی شاہ۔ سونے کے نئے سو سکّوں کی خاطر جسے اب میں اس خاتون سے اسی غرض کے لیے لونگا۔

غلام علی۔ (ہنستے ہوئے) خوب! اس خاتون کو یورپ کے پائے تخت اور وہاں کے باشندوں کے ساتھ کیا عداوت ہے؟

مست علی شاہ۔ یہ قصّہ بہت طویل ہے جس کے بیان کا یہ موقع نہیں۔ کاغذ کے ٹکڑوں کو خرجین میں سے نکال!

غلام علی۔ ابھی ابھی، لیکن میری عقل یقین نہیں کرتی کہ یہ دشوار کام انجام پائے۔ نہ معلوم آپ کیا کہہ رہے ہیں یا مذاق کر رہے ہیں کہ پیرس پلک مارنے میں تباہ ہو جائے یہی مطلب ہے کیا؟

مست علی شاہ ۔ (ہنس کر) کس لیے بہی مطلب ہے کیا؟ ابے احمق اب یہ خاتوں سونے کے نئے سوسکے اس غرض کے لیے مجھے دیگی ۔ دس روز کی مہلت ہے کہ میرا جادو اپنا اثر دکھائے ۔ کوئی اور شخص اب اس راز سے واقف نہیں اور نہ آیندہ واقف ہوگا ۔ رقم لینے کے بعد کسی نے میرے ہاتھ پیر تو باندھ ہی نہیں دیلے ۔ کیا میں دس روز میں اپنے آپ کو اس پار (قراباغ کی سرحد سے باہر) نہیں پہنچا سکتا پھر وہاں مجھے کون ڈھونڈیگا ۔ میرے جانے کے بعد کچھ بھی ہو ۔ اور اگر پیرس دس روز میں ویران ہی ہو جائے تو یہ رقم بلا کسی حجت کے ہضم کے چوتھے درجے سے بھی گزر جائیگی ۔ تو کیا جانے؟ شاید اس مدت میں پیرس خود ہی کسی نہ کسی حادثہ کے باعث اجڑ جائے کیا اس قسم کے عجیب وغریب حادثے دنیا میں کم ہوئے ہیں؟

غلام علی ۔ (کاغذ کے ٹکڑوں کو خرجین سے نکال کر ہنستے ہوئے) اس آخری فقرے کو میری عقل نہیں مانتی یہ تو ناقص خیال ہے ۔

مست علی شاہ ۔ (ہنسکر) اچھا، پہلے فقرہ کو تیری عقل مانتی ہے؟ یہ تو ناقص خیال نہیں ۔

غلام علی ۔ (ہنس کر) ہاں، اس میں کیا شک ہے؟

مست علی شاہ ۔ اچھا، اب میرے حواس کو بے تکے سوالوں کے ذریعہ پریشان نہ کر! جا، گھوڑوں کے پاس میرا انتظار کر میں بھی گھڑی بھر کے بعد عمل پورا کر کے آتا ہوں ۔ سوار ہو کر پھر چلینگے ۔ (غلام علی جاتا ہے) ۔

خان پری خالہ! اٹھو! دروازہ کو مضبوط بند کر دو کوئی آنے نہ پائے

(خان پری اٹھ کر دروازہ بند کر دیتی ہے اور بیٹھ جاتی ہے) ۔

(مست علی شاہ آپ ہی آپ اپنی زبان میں) ان عورتوں کا گروہ، نادان اور احمق ہوتا ہے، بغیر سوچے سمجھے یقین کر لیتی ہیں کہ میں قراباغ میں بیٹھکر پلک مارنے میں پیرس کو زیر و زبر کر سکتا ہوں ۔ یا مرامریخ ارس کے اس پار موسیو ژوردان کی گردن چلنے کے وقت مار سکتا ہے ۔

شہربانو خانم - بابا درویش! آپ کس سے بات کر رہے ہیں اور کیا کہہ رہے ہیں؟

مست علی شاہ - خانم! میں منتر پڑھ رہا ہوں کہ ہمارا کام بن جائے ۔ دیو اور جن خبردار ہو جائیں کہ میں کس فکر میں ہوں (پھر اس کے بعد وہ ٹاٹ کو اونچا کر کے پہلے ایک دائرہ کھینچ کر کہتا ہے) یہ پیرس کا دائرہ ہے (پھر کاغذ کے ٹکڑوں کو جوڑ کر دائرہ میں رکھ دوں اور کوٹھڑیوں شکل کی میں گھر بنا کر کہتا ہے) یہ بھی پیرس کے مکانوں اور عمارتوں کے نمونے ہیں (پھر شہربانو خانم کی طرف دیکھ کر کہتا ہے) حکم دوں کہ پیرس کو ویران اور زیر و زبر کر دیں ۔

شہربانو خانم - ہاں ہاں اور کیا کریں؟ خدا اس کے بانی پر آفت لائے کہ ہرے اور سوکھے (نیک و بد) سب جل جائیں ۔ بیچارے پیرس والوں نے تو ہمارا کچھ نہیں بگاڑا تھا ۔ اس کا وبال وہاں کی کنواری لڑکیوں اور جوان عورتوں کی گردن پر ہو کہ وہ محفلوں میں ہمیشہ کنوارے لڑکوں اور جوان جوان مردوں کے ساتھ لیے گوشہ اٹھتی بیٹھتی ہیں ۔ اور بات چیت کر کے انھیں بہکا اور پھسلا لیتی ہیں، بابا درویش آپ اپنے کام میں لگے رہیں ۔

مست علی شاہ۔ خانم! دیوؤں کا محنتانہ اور انعام عطا فرمائیے۔
شہربانو خانم۔ بابا درویش! دیوؤں کے لیے انعام کی کیا ضرورت ہے؟
مست علی شاہ۔ واہ خانم! کیا میرے دیو بیگاری اور بے معاش کے ہیں؟ جو مفت خدمت کریں۔ کیا میں بندہ علی کا وزیر ہوں جو انھیں سوائے گالی گلوج اور ڈرانے دھمکانے کے کچھ نہ دوں۔ خانم! آپ یہ خیال نہ کریں کہ میں اپنے دیوؤں کو سوکھی اور خالی خولی باتوں ہی سے قابو میں رکھتا ہوں بلکہ ایسے کام نکالنے کے لیے جب تک کہ شہاب ثاقب انھیں مارے اور ہلاک کرے مجھے ضیافت کرنے، ان کے ساتھ ہنسنے اور کھیل کھیلنے کی ضرورت ہے۔
شہربانو خانم۔ بابا درویش! شہاب ثاقب کا مارنا اور ہلاک کرنا کیا معنے رکھتا ہے؟ شاید پھر شہاب ثاقب انھیں مار کر ہلاک کردیگا؟
مست علی شاہ۔ (ہنس کر) آپ نے خوب سوچا! دیو اور جن بلا سبب اتنے بے گناہ آدمیوں کی ہلاکت کا باعث ہوتے ہیں اور اتنے خوشنما شہر کو ناحق تباہ کرتے ہیں کیا اس قدر بڑے گناہ کے بدلے ان پر خدا کا قہر نہ ٹوٹیگا؟
شہربانو خانم۔ خوب بابا درویش! جب یہ بات ہے تو پھر کیوں وہ اپنی جان سے نہیں ڈرتے؟ اور کیوں ایسے کاموں میں قدم رکھتے ہیں؟
مست علی شاہ۔ اول تو میرے حکم کی تعمیل ہے، دوسرے احمق ہیں ان کی طبیعت ہی کا یہ تقاضا ہے کہ اگر وہ ایسا نہ کریں تو چین نہ پائیں اگر شیاطین نہ ہوتے تو دنیا میں ہرگز برے کام بھی نہ ہوتے۔ اور

نہ انسان کو کوئی شخص بُرے کاموں کی طرف راغب کرتا۔

شہر بانو خانم۔ بابا درویش! آپ سچ فرماتے ہیں اچھا تو دیووں کو کس قدر انعام دینا چاہیے؟

مست علی شاہ۔ میں زیادہ نہیں مانگتا، جتنا آپ نے وعدہ فرمایا ہے وہی سونے کے سو سکّے۔

شہر بانو خانم۔ یہ تو زیادہ ہیں۔

مست علی شاہ۔ خوب۔ جو شہر لاکھوں تومان قیمت کا ہو، اُسے اُجاڑ دیں۔ اور آپ سونے کے سو سکّے دیں وہ بھی زیادہ ہیں!

شہر بانو خانم۔ (اپنی بیٹی کو دیکھ کر) بیٹی شرف نساء! روپیوں کی صندوقچی یہاں لے آؤ!

(شرف نساء خانم جلدی اُٹھ کر سامان میں سے روپیوں کی صندوقچی اٹھالاتی ہے، شہر بانو خانم صندوقچہ کو کھول کر ایک سو سونے کے نئے سکّے نکالتی ہے اور کہتی ہے؟ بیٹی شرف نساء! تمھاری شادی کے لیے اب روپیہ نہیں رہا)۔

شرف نساء۔ ہوگا، اماں جان! دو ایک سو بھیڑ کے بچّے فروخت کر ڈالینگے پھر اتنی رقم ہو جائیگی۔

شہر بانو خانم۔ بیٹی، سچ کہتی ہے، مال جان کا صدقہ ہے۔ گوش و دماغ سر کی بلا کے لیے سپر ہیں۔ (منہ پھیر کر) لیجیے بابا درویش!

(مست علی شاہ درویش کو اشرفیاں دیتی ہے اور وہ لے کر اپنے سینے کی جیب میں ڈالتا اور اپنی آستینیں چڑھا کر ایک کتاب اپنی خرجین سے نکالتا اور کھول کر ورق الٹتا ہے، اس کے بعض نقش دار

صفحوں کو دیکھ کر اپنا سر اُٹھاتا ہے)
مست علی شاہ - ہاں، عمل پورا ہوگیا۔ شہر پیرس برج عقرب کے نیچے آگیا۔ اس برج کی یہ تاثیر ہے کہ ہرگز بلا اس شہر سے کم نہ ہوگی۔ (پھر اُٹھ کر ایک چھڑی ہاتھ میں لے کر شہر بانو خانم اور اس کی لڑکی کی طرف رُخ کرتا ہے) خانو! ڈرو نہیں، دل کو مطمئن رکھو (پھر پلکوں کو گھما کر ڈراونی شکل بناکر یہ منتر پڑھتا ہے) دغد غہا فتندی تب الکری کرندی تب الکمو کمو ہا بیندی یندی یندی (اپنے دائیں بائیں پھونک کر دیوؤں اور جنوں کو ڈراونی آواز سے نام بنام پکار کر حکم دیتا ہے) اوملیخا! اوبلیخا! اوسلیخا! پیرس کو ابھی جڑ سے اکھاڑ ڈالو اور زمین پر ڈھادو! اسی طرح جیسے میں ان تصویروں کو زیر و زبر کر رہا ہوں۔
(ایک قدم پیچھے ہٹتا ہے اور چھڑی اٹھاکر دائرہ کی طرف رُخ کر کے ان کمروں اور چھوٹے چھوٹے گھروں کی شکلوں کو جنھیں اس نے کاغذ کے ٹکڑوں سے بنایا تھا مارتا ہے اور وہ بکھر جاتی ہیں پھر گھڑی بھر کھڑے ہوکر شہر بانو خانم کی طرف رُخ کرتا ہے) خانم! تمھاری آنکھوں کو سکھ حاصل ہو! پیرس تباہ ہوگیا، اب مجھ سے راضی ہوئیں یا نہیں!
شہر بانو خانم - ہاں بابا درویش! اب میں بہت خوش ہوں مگر پیرس کی بربادی کی خبر موسیو ژوردان کو جلد مل جانا چاہیے۔ تاکہ خود مصیبت میں پھنس کر شہباز بیگ سے دست بردار ہو جائے لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ پیرس سے یہاں تک اس خبر کو اس قدر جلد کون لائیگا؟

مست علی شاہ ۔ (قہقہہ لگاکر) ہاہاہا! خانم، جو شخص پلک مارنے میں
یہیں سے پیرس کو برباد کردے کیا وہ ایک منٹ، ایک گھنٹہ یا
دس روز تک یہاں خبر نہیں پہنچا سکتا۔ آپ بھی کیا خیال کرتی ہیں؟

شہر بانو خانم ۔ بابا درویش! آپ سچ کہتے ہیں، لیکن کیا خوب ہوتا کہ یہ
خبر اسی وقت موسیو ژوردان کو پہنچتی اور وہ ہمارے سر سے ٹلتا!

(اکدم اس اثنا میں گھر کے دروازے کو کوئی اس زور سے کھٹکھٹاتا
ہے کہ گویا وہ توڑ دینا چاہتا ہے۔ دروازے کے پیچھے سے موسیو ژوردان
کی گھبرائی ہوئی آواز سنائی دیتی ہے۔ درویش مست علی شاہ جلد جلد کاغذ
کے ٹکڑے سمیٹ خرجین میں ڈال، کندھے پر رکھ کر پردہ کے پیچھے جو
سامان کے سامنے لٹکا ہوا ہے چھپ جاتا ہے، موسیو ژوردان دروازہ
اس زور سے دھڑام دھڑام پیٹ رہا ہے کہ ٹوٹ ہی رہا ہے۔ حاتم خاں
آقا اور شہباز بیگ کو پکارتا ہے: "دروازہ کھولو" شہر بانو خانم گھبرا کر
اٹھتی ہے اور ڈرتی ڈرتی دروازے کے قریب جاتی ہے اس کی بیٹی
شرف نساء بہت تھرا رہی ہے)

خان پری ۔ (آہستہ آہستہ الگ زانو پیٹ رہی ہے) ہائے اماں،
وائے بابا!

(شہر بانو خانم دروازہ کھولتی ہے)

موسیو ژوردان ۔ (پھولی ہوئی سانس میں) کہاں ہیں حاتم خان آقا؟
کہاں ہیں شہباز بیگ؟

شہر بانو خانم (ڈرتی ڈرتی) دونوں شرف نساء کے کمرہ میں ہیں۔
صبح گھڑسال گھوڑوں کی دیکھ بھال کے لیے گئے تھے۔ بہت تھکے

ہوئے ہیں وہاں پڑے سو رہے ہیں۔

موسیو ژوردان۔ (پھولی ہوئی سانس میں بلند آواز سے) خانم! انہیں اسی وقت بیدار ہو جانا چاہیے۔ میں جا رہا ہوں نہیں ٹھہر سکتا، آہ شہر پیرس! ہائے قصر تولیر! ہائے سلطنت کے خوبصورت پائے تخت! ہے ہے فرانس بدنصیب ہو گیا! ہائے پیرس، ہائے خدا، وائے خدا!

شہر بانو خانم۔ حکیم صاحب! کیا بات ہے؟ کیا ہوا؟

موسیو ژوردان۔ فرانس تباہ ہو گیا، قصر تولیر ڈھے پڑا، پیرس اجڑ گیا، آہ پیرس، آہ تولیر!

شہر بانو خانم۔ اے خدا شکر، اے خدا رحم کر!

موسیو ژوردان۔ سلطنت کا خوبصورت اور پاکیزہ شہر پلک مارنے میں ایسا ویران ہو گیا گویا تھا ہی نہیں۔ عقل کام نہیں کرتی کہ یہ کیا بلا ہے اور یہ کیا جادو ہے؟ بڑا غضب ہوا اے خدا! بڑا غضب!

شہر بانو خانم۔ کیسا جادو، حکیم صاحب! کیا پیرس جادو سے اُجڑ گیا۔ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟

موسیو ژوردان۔ (ڈراؤنی بلند آواز سے) بلاشبہ جادو ہے! ایسی بات ہوئی ہے کہ لوگ حیران رہ جائیں، پلک مارنے میں آہ پیرس اجڑ گیا!

(ان باتوں سے شرف نساء خانم اور لرزنے لگی، اس کی نظر پردہ کی جانب ہے جہاں درویش چھپا ہوا ہے)۔

خان پری۔ (کھُسر پھُسر کرتی ہوئی) ہائے باوا! وائے امان!
(اس اثنا میں اس کھچ پچ کی وجہ حاتم خاں آقا اور شہباز بیگ جس کمرے میں سو رہے تھے جاگ اُٹھے اور گھبراہٹ میں صرف کرتے کے ساتھ موسیو ژوردان کی آواز پر دوڑتے ہیں۔)
موسیو ژوردان۔ (یہاں تک کہ ان کو دیکھ لیا) اخاہ! آپ آگئے، حاتم خاں آقا، شہباز بیگ تمھیں خدا کا واسطہ جلد میرے لیے گھوڑے منگواؤ! مجھے اسی وقت جانا چاہیے۔ دیر نہ ہونی چاہیے۔ آپ لوگ بھی سوار ہو جائیں مجھے دریائے ارس سے پار کرا کر واپس ہو جائیے۔
حاتم خاں آقا۔ (حیرت سے) حکیم صاحب! کیا حادثہ پیش آیا تمہارا اتنا جلد روانہ ہونے کا کیا باعث ہے؟
موسیو ژوردان۔ (اونچی آواز سے) پیرس برباد ہو گیا۔ تولیر ڈھے گیا، فرانس کی سلطنت تہ و بالا ہو گئی، حکومت بدل گئی، ابھی ابھی انگلستان کی کونسل سے جو تبریز میں ہے آپ کے سفیر نے میرے ہاں چٹھی بھیجی ہے وہ اس خبر کی اطلاع کے بعد لکھتا ہے، ڈاک ضروری کاغذات کے ساتھ اب لندن جا رہی ہے، ارس کے کنارے میرا انتظار ہو رہا ہے بارہ گھنٹہ کے اندر مجھے اپنے آپ کو وہاں پہنچا دینا چاہیے۔ اگر دیری کرونگا تو ڈاک چلی جائیگی۔ پھر میں اکیلا اس قدر جلد سلطنت تک اپنے آپ کو نہیں پہنچا سکونگا، لوی فلیپ بھی انگلستان فرار ہو گئے، ہائے خدا!
حاتم خاں آقا۔ (حیرت سے) حکیم صاحب! کس نے برباد کر دیا، کس نے ڈھا دیا؟

موسیو ژور دان۔ (گھبراہٹ میں) شیطانوں نے، جنوں نے، دیووں نے برے اعمال نے کس کس کو ظاہر کروں، حاتم خاں آقا گھوڑا منگوائیے دیر کرنے کا وقت نہیں ہے، ہائے بد نصیب پیرس! ہائے تولیر! ہائے اللہ یہ کیسا غضب ہوا!

(حاتم خاں آقا ان باتوں سے کسی قدر حیرت زدہ تھا لیکن شرف نساء خانم تھر تھر کانپنے لگتی ہے، شہباز بیگ اس کی اس حالت کو دیکھ کر تعجب کرتا ہے اور اس کی طرف منہ کر کے قریب جاتا ہے اور ہنستے ہوئے چپکے سے پوچھتا ہے)۔

شہباز بیگ۔ تم کیوں کانپ رہی ہو، اے فساد کی جڑ! یقیناً پیرس تیرے ہی کہنے کی وجہ سے تباہ ہوا ہے تاکہ میں وہاں نہ جا سکوں۔

شرف نساء خانم۔ (تھراتی ہوئی دھیمی آواز سے اس پردے کی طرف جہاں فقیر چھپا ہوا ہے دیکھ کر) خدا کی قسم، خدا گواہ ہے مجھے ذرہ برابر بھی اس کی خبر نہیں، میرا قصور نہیں۔

شہباز بیگ۔ (ہنس کر) دیکھو دیکھو تم کیسی قسمیں کھا رہی ہو؟ کیسی میٹھی میٹھی باتوں کے ذریعہ اپنے آپ کو الگ کیے لیتی ہو، اچھا تو کیوں تھرا رہی ہو؟ اگر تم جیسی پریزاد پیرس کو تباہ کروا دے تو اس میں کوئی گناہ نہیں۔ (اتنے میں)

شہر بانو خانم۔ (موسیو ژور دان کی طرف دیکھ کر) حکیم صاحب! کیا شہباز بیگ کو بھی لیجاؤ گے؟

موسیو ژور دان۔ خانم تم کیا کہہ رہی ہو، مجھے اپنی ہی خبر نہیں کہ میرا سر کونسی بالین پر ہے، شہباز کو کہاں لے جاؤں گا۔ حاتم خاں آقا!

جلدی کیجیے، سوار ہو کر مجھے رستہ دکھلا دیجیے۔ مجھے صبح ہونے تک دریائے ارس کے کنارہ پہنچنا چاہیے، ہائے کیسا وقت ہے افسوس افسوس!

حاتم خاں آقا۔ شہباز آؤ چلیں دیکھیں ہمیں کیا کرنے کی ضرورت ہے یہ کیا حادثہ رُونما ہوا؟

(دونوں کمرے سے باہر جاتے ہیں، ان کے پیچھے موسیو ژوردان۔ ان کے بعد درویش مست علی شاہ پردے کے پیچھے سے آہستہ نکل خورجین کاندھے پر ڈال عورتوں کی طرف رخ کیے بغیر بھاگ کر ففرسو ہو جاتا ہے۔)

شہر بانو خانم۔ خان پری دیکھا کیا ہوا؟

خان پری۔ خانم! میں نے آپ سے نہیں کہا اس درویش کے ہاتھوں کسی چیز کی خیر نہیں۔ میں تو اب بھی ڈرتی ہوں کہ کہیں پیرس کے اجڑ جانے سے دوسرے شہروں کو بھی دھکا لگ کر برباد نہ ہو جائیں۔ جیسا کہ نخجوان اور شرور کی بربادی ہے جس طرح درویش نے کہا تھا کوہ آغری شق ہو گیا۔

شہر بانو خانم۔ ہاں! اس کے بعد کوئی عجب نہیں، تعجب اس بات کا ہے کہ مردوے ہم سے ہمیشہ کہتے ہیں کہ جادو کو نہ مانو! کیوں کر نہ مانیں، جب کہ آدمی خود اپنی آنکھ سے ایسے کام دیکھ رہا ہے۔

خان پری۔ اونہہ خانم! اگر مرد عقل رکھتے تو کیوں ہم ان کو ہر ہر قدم پر ہزاروں مرتبہ دھوکے اور فریب میں ڈالتے۔ ہم جو چاہیں کر دکھائیں۔

(شرف نساء خانم چپ چاپ ڈری سہمی ہوئی مبہوت رہ جاتی ہے)۔

پردہ گر پڑتا ہے

ملنے کے پتے

۱۔ غلام دستگیر تاجر کتب چارکمان حیدرآباد

۲۔ کتاب محل چارکمان حیدرآباد

۳۔ غلام دستگیر تاجر کتب عابدروڈ حیدرآباد